© rasailojaraid.com

تبصرے

مجلات ورسائل

ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی: ازجناب وحیدالدین خاں صاحب۔ تقطیع کلاں۔ کتابت وطباعت بہتر۔ صفحات ۲۰ قیمت سالانہ ۱۵ روپئے اور فی پرچہ ۳۳ پیسے پتہ:۔ الجمعیۃ دہلی

پہلے روزنامۂ الجمعیۃ کا سنڈے ایڈیشن نکلتا تھا لیکن اب چند مہینوں سے اس کے بجائے یہ ہفت روزہ شائع ہورہا ہے جس کی حیثیت ایک مستقل میگزین یا مجلہ کی ہے اور اس حد تک کہ روزانہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ الجمعیۃ ان دونوں کا ایک ساتھ مطالعہ کیا جائے تو بظاہر یہ باور کرنا مشکل ہوگا کہ دونوں ایک ہی مکتبۂ فکر کے ترجمان ہیں۔ کیوں کہ روزنامہ کے ادارتی مقالات اور شذرات میں حکومت اور فرقہ پرور جماعتوں کے خلاف غم وغصہ۔ شکوہ وشکایت اور طنز وتعریض کا انداز ہوتا ہے اور اس کے بالمقابل ہفت روزہ کے مضامین میں سنجیدگی۔ گہرائی۔ غور وفکر اور ایک خاص طرح کا بھاری بھرکم پن پایا جاتا ہے۔ مضامین معلومات افزا بھی ہوتے ہیں اور فکر انگیز بھی۔ تنقید کا لب ولہجہ متین ضرور ہوتا ہے لیکن تیکھی سے خالی نہیں ہوتا۔ بہرحال اردو صحافت کی برادری میں ہفت روزہ ایک قابلِ قدر اور وقیع اضافہ ہے۔

ماہنامہ نظام کانپور کا قرآن نمبر: مرتبہ مولانا قمرالدین مظاہری۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۷۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ سالانہ چندہ پانچ روپیہ پتہ:۔ مدنی منزل کرنیل گنج کانپور

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ نمبر قرآن سے متعلق مضامین ودیگر معلومات کے لئے مخصوص ہے۔ چنانچہ قرآن کے اوصاف وفضائل۔ جمع وتدوین کی تاریخ۔ اُس کے احکام وتعلیمات۔ علوم وفنون۔ فہم قرآن کے اصول وشرائط وغیرہ پر قابلِ مطالعہ مضامین کے علاوہ تفسیر وتراجم کے زیرِ عنوان جو

© rasailojaraid.com